

# باب 4: ہانگ کانگ میں کام کرنا

## محکمہ لیبر سے معاونت

### *ملازمت کے حقوق اور فوائد*

اگر آپ کو اپنے ملازمت کے حقوق اور فوائد کے بارے میں مسائل کا سامنا ہے، تو آپ محکمہ لیبر کے لیبر تعلقات ڈویژن سے مفت معاونت طلب کر سکتے ہیں۔ وہ فراہم کر سکتے ہیں:

- روزگار آرڈیننس، کم از کم اجرت آرڈیننس (جہاں قابل اطلاق ہو) اور آپ کے روزگار کے معاہدے کے تحت آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں معلومات؛
- مفت مشاورت سروس؛ اور
- آپ اور آپ کے آجر کے لئے تنازعات کے حل میں مدد کے لئے مفت مفاہمت کی سروس۔

لیبر تعلقات ڈویژن دفاتر مندرجہ ذیل پتوں پر واقع ہیں:

**جزیرہ ہانگ کانگ**

| | |
|---|---|
| Hong Kong East Office<br>12/F, 14 Taikoo Wan Road,<br>Taikoo Shing,<br>Hong Kong | Hong Kong West Office<br>3/F, Western Magistracy Building<br>2A Pok Fu Lam Road,<br>Hong Kong |

**کوولون**

| | |
|---|---|
| Kowloon East Office<br>UGF, Trade and Industry Tower,<br>3 Concorde Road, Kowloon | Kowloon West Office<br>Room 1009, 10/F,<br>Cheung Sha Wan Government Offices,<br>303 Cheung Sha Wan Road,<br>Sham Shui Po, Kowloon |
| Kowloon South Office<br>2/F, Mongkok<br>Government Offices,<br>30 Luen Wan Street,<br>Mong Kok, Kowloon | Kwun Tong Office<br>Units 801-806, 8/F,<br>Tower I, Millennium City 1,<br>388 Kwun Tong Road,<br>Kwun Tong, Kowloon |

**نئے علاقے**

| | |
|---|---|
| Tsuen Wan Office<br>5/F, Tsuen Wan<br>Government Offices,<br>38 Sai Lau Kok Road,<br>Tsuen Wan, New Territories | Kwai Chung Office<br>6/F, Kwai Hing Government Offices,<br>166-174 Hing Fong Road,<br>Kwai Chung, New Territories |
| Sha Tin & Tai Po Office<br>Rooms 304-313, 3/F,<br>Sha Tin,Government Offices<br>1 Sheung Wo Che Road,<br>Sha Tin, New Territories | Tuen Mun Office<br>Unit 2, East Wing, 22/F,<br>Tuen Mun Central Square,<br>22 Hoi Wing Road, Tuen Mun,<br>New Territories |

اگر آپ کے آجر پر شبہ کیا گیا ہے کہ انہوں نے ایمپلائمنٹ آرڈیننس یا کم سے کم اجرت آرڈیننس (جہاں لاگو ہوتا ہے) کی خلاف ورزی کی ہے اور آپ مجرمانہ استغاثہ کے قیام کے پیش نظر اس خلاف ورزی کے خلاف ثبوت فراہم کرنے پر اتفاق کرتے ہیں، تو تحقیقات کے لئے لیبر ریلیشنز ڈویژن متعلقہ ڈویژنوں کو آپ کی شکایت بھیج دے گا۔

اگر آپ لیبر قانون سازی یا محکمہ لیبر کے امور کے بارے میں عمومی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں، تو پہلے سے ریکارڈ شدہ پیغامات کو سننے کیلئے، فیکس کی معلومات حاصل کرنے کیلئے، اور دن کے 24 گھنٹے ایک آپریٹر سے بات کرنے کیلئے **2717-1771** پر کال کریں (ہاٹ لائن 1823 کی طرف سے نمٹی جاتی ہے)، یا enquiry@labour.gov.hk. پر ای میل کریں۔

***کیا کوئی قانونی کم از کم اجرت بھی ہے؟***

1 مئی 2019 سے موثرالعمل قانونی کم سے کم اجرت (SMW) کی شرح کو بڑھا کر 37.5$ فی گھنٹہ کر دیا گیا ہے۔ کسی بھی مدت اجرت کے حوالے سے کم از کم اجرت آرڈیننس کی طرف سے احاطہ کردہ ملازمین کو قابل ادائیگی اجرتوں کے لئے، مدت اجرت میں کام کردہ گھنٹوں کی کل تعداد پر اوسط کرتے وقت، SMW کی شرح سے کم نہیں ہونی چاہئے۔

***اگر میری ملازمت کا کنٹریکٹ ختم کر دیا جاتا ہے تو میں کس معاوضہ کا حقدار ہوں گا؟***

جب آپ نے اپنا کنٹریکٹ مکمل کر لیا ہے یا آپ کے کنٹریکٹ کی تجدید نہیں کی جاتی ہے، تو آپ کی تمام اجرت اور دیگر واجب الادا رقوم تکمیل یا برطرفی کی تاریخ سے سات دن میں آپ کو ملنی چاہئے۔ رقم میں شامل ہونے چاہئیں:

- کوئی بھی بقایا اجرتیں؛
- کسی بھی سالانہ چھٹی نہ لینے کے عوض ادائیگی؛
- علیحدگی کی ادائیگی یا طویل سروس کی ادائیگی (اگر قابل اطلاق ہے)؛ اور
- لیبر قوانین کی دفعات اور آپ ملازمت کے کنٹریکٹ کے مطابق میں آپ کو ادا کی جانے والی کوئی بھی دیگر رقوم۔

اگر آپ کو برطرف کر دیا جاتا ہے، مندرجہ بالا امور سے ہٹ کر اور برطرفی کے حالات پر منحصر، تو آپ کو اس نوٹس کے بدلے میں بھی ادائیگی کا استحاق حاصل ہو سکتا ہے اگر آجر کی طرف سے کوئی بھی نوٹس نہیں دیا جاتا یا ناکافی نوٹس دیا جاتا ہے۔

اگر آپ علیحدگی کی ادائیگی کے لئے دعوٰی کر رہے ہیں، تو آپ کو اپنے آجر کو نوٹس پیش کرنا چاہئیے۔ اگر آپ رقم کے اہل ہیں، تو آجر آپ کے علیحدگی کی ادائیگی کے نوٹس کی وصولی کی تاریخ سے دو ماہ تک ادائیگی کرنے کے لئے ذمہ دار ہو گا۔

***کیا مجھے غیر قانونی برطرفی کے خلاف کوئی تحفظ حاصل ہے؟***

ملازمت آرڈیننس اور ملازمین کا معاوضہ آرڈیننس ملازمت کا کنٹریکٹ ختم کرنے پر خصوصی قانونی پابندیاں واضح طور پر بیان کرتا ہے۔ متعلقہ آرڈیننس میں دیگر متعلقہ شرائط سے مشروط، ایک آجر کے لئے مندرجہ ذیل حالات میں کسی ملازم کو برطرف کرنا غیر قانونی ہے:

- ایک حاملہ ملازمہ کے حمل کا نوٹس پیش کر دینے کے بعد؛
- جب ملازم قانونی ادا شدہ بیماری کی چھٹی پر ہو؛
- ملازمت آرڈیننس کے نفاذ، کام پر حادثات یا کام کے تحفظ پر قانون سازی کی خلاف ورزی کے سلسلے میں کسی بھی کارروائی میں گواہی دینے یا حکام کو معلومات دینے کی وجہ سے؛
- ٹریڈ یونین کی رکنیت یا ٹریڈ یونین کی سرگرمیوں میں شرکت کی وجہ سے؛ اور
- محکمہ لیبر یا ملازمین کا معاوضہ تعین بورڈ کی طرف سے متعلقہ سرٹیفکیٹ کے اجراء سے پہلے، کام پر زخمی ایک ملازم کے طور پر، جیسے مناسب، یا معاوضے کا دعوٰی ملازم کے ساتھ طے کر لیا گیا ہو۔

***کام پر چوٹیں لگنے کی صورت میں معاوضہ***

محکمہ لیبر کا ملازمین کا معاوضہ ڈویژن:

- ملازمین کا معاوضہ آرڈیننس کے تحت کام پر چوٹ لگنے یا مجوزہ پیشہ جاتی مرض میں مبتلا ہونے والے ملازمین کی معاوضہ حاصل کرنے میں معاونت کرتا ہے؛ اور
- ایک ملازم، جو کام پر حادثہ یا مجوزہ پیشہ جاتی مرض کے نتیجے میں فوت ہو جاتا ہے، کی ملازمین کا معاوضہ آرڈیننس کے تحت معاوضہ حاصل کرنے میں ملازم کے خاندانی اراکین کی مدد کرتا ہے۔

ذیل میں ملازمین کا معاوضہ ڈویژن کے دفاتر کے پتے دئیے گئے ہیں:

| دفتر برائے<br>ملازمین کا معاوضہ ڈویژن،<br>لیبر ڈیپارٹمنٹ | پتہ |
|---|---|
| کام پر چوٹ کے معاملات | |
| **کام پر چوٹ کے معاملات یا مجوزہ پیشہ ورانہ بیماری کے معاملات کی رپورٹ کرنے کے لیے متعلقہ فارم جمع کرائیں:**<br>• Employees' Compensation Division Operations – Central Processing Team | Room 1007, 10/F, Cheung Sha Wan Government Offices, 303 Cheung Sha Wan Road, Kowloon |
| **رپورٹ کردہ کام پر چوٹ کے معاملات یا مجوزہ پیشہ ورانہ بیماری کے معاملات پر استفسارات:**<br>• Employees' Compensation Division آپریشنز – ٹیم A | Room 1605, 16/F, Southorn Centre 130 Hennessy Road, Wanchai, Hong Kong |
| • Employees' Compensation Division آپریشنز – ٹیم B | Room 1007, 10/F Cheung Sha Wan Government Offices , 303 Cheung Sha Wan Road, Kowloon |
| • Employees' Compensation Division آپریشنز – ٹیم C | 6/F, Tsuen Wan Government Offices, 38 Sai Lau Kok Road, Tsuen Wan, New Territories |
| • Employees' Compensation Division آپریشنز – ٹیم D | Rooms 05-06, 23/F, KOLOUR•Tsuen Wan I, 68 Chung On Street, Tsuen Wan, New Territories |

| | |
|---|---|
| | Room 239, 2/F, Shatin Government Offices, 1 Sheung Wo Che Road, Shatin, New Territories |
| • Employees' Compensation Division<br>آپریشنز – ٹیم E | 18/F, One Mong Kok Road Commercial Centre, 1 Mong Kok Road, Kowloon |
| **مہلک معاملات** | |
| Fatal Cases Office | Room 601, 6/F, Harbour Building 38 Pier Road, Central, Hong Kong |

متعلقہ دفاتر کے پتے تبدیلی کے تابع ہیں۔ تازہ ترین تفصیلات کے لئے، برائے مہربانی محکمہ لیبر کے ہوم پیج پر جائیں۔
ہوم پیج: www.labour.gov.hk
ہاٹ لائن: **2717-1771** (ہاٹ لائن کو 1823 کی جانب سے سنبھالا جاتا ہے)

***ملازمت کی تلاش***

اگر آپ ہانگ کانگ کے رہائشی ہیں اور قانونی طور پر ہانگ کانگ میں قابل ملازمت ہیں، تو آپ ملازمت کی تلاش کے لئے محکمہ لیبر کے کسی بھی ملازمت مراکز میں دورہ کر سکتے ہیں۔ وہ آپ کو بلاقیمت مندرجہ ذیل خدمات فراہم کر سکتے ہیں۔

- جاب ریفرل سروس: آپ ڈسپلے پر یا خود سروس ٹچ اسکرین کمپیوٹر کے ذریعے آسامیوں کو منتخب کر سکتے ہیں اور جاب کے انٹرویو کے حوالہ جات کے لئے کاؤنٹر کے عملے سے معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔
- ریسورس کارنرز، خصوصی کاؤنٹرز اور روزگار کی معلومات: یہ مقامی لیبر مارکیٹ کی صورت حال کو بہتر طور پر سمجھنے کی ضرورت میں ملازمت کے متلاشیوں کی مدد کے لئے تمام ملازمت مراکز پر دستیاب ہیں۔ آپ اپنی ملازمت کی ضروریات کو کسی ایسے روزگار افسر سے بھی تبادلہ خیال کرسکتے ہیں جو آپ کو ملازمت کی تلاش کی تکنیک، لیبر مارکیٹ سے متعلق معلومات اور تربیت/دوبارہ تربیت کے کورسز پر مشورہ دے سکتا ہو اور/یا مناسب ہو تو طرز معاش کے میلان کی تشخیص کر سکتا ہو۔
- روزگار کے خصوصی پروگرام: ملازمت کے متلاشی محکمہ لیبر کے زیر انتظام خصوصی ملازمت پروگراموں میں شامل ہو سکتے ہیں جس میں اصلی ملازمتوں میں کام کی آزمائش کے انتظامات بھی شامل ہیں۔ یہ جاننے کے لئے کہ آیا یہ پروگرام آپ کی ضروریات کے مطابق ہیں یا نہیں، آپ ایمپلائمنٹ آفیسر سے بات کر سکتے ہیں

- ٹیلیفون ایمپلائمنٹ سروس (2969-0888): یہ ان اندراج شدگان کے لئے ایک صارف دوستانہ سروس ہے، جو، ملازمت مراکز کا دورہ کرنے کی بجائے، ٹیلیفون کے ذریعے ملازمت کے حوالہ جات حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ اس انٹرایکٹو ایمپلائمنٹ سروس ویب سائٹ (https://www.jobs.gov.hk) یا اس کے موبائل ایپلیکیشن کے ذریعہ کسی بھی وقت اور کہیں سے بھی مقامی آجرین کی طرف سے فراہم کردہ لیبر ڈیپارٹمنٹ کے نوکریوں کے بہت بڑے ڈیٹا ذخیرہ تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ آپ نسلی اقلیتی ملازمت کے متلاشیوں کے لئے وقف شدہ ویب پیج (https://www.jobs.gov.hk/EM) بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں تاکہ کم چینی تقاضوں کی حامل ملازمت کی تازہ ترین اسامیوں کی جانچ پڑتال اور روزگار کی دیگر معلومات حاصل کر سکیں۔

محکمہ لیبر نے تین صنعت پر مبنی بھرتی مراکز قائم کیے ہیں جو سال بھر ملازمت میلوں کا اہتمام کرتے ہیں۔ اگر آپ کیٹرنگ، خوردہ یا تعمیراتی صنعتوں میں ملازمت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو آپ جاب سینٹرز، انٹرنیٹ (https://www.jobs.gov.hk) یا اس کے موبائل ایپلیکیشن پر تازہ ترین جاب فیئر معلومات کی پڑتال کر سکتے ہیں، یا بھرتی کرنے والے آجرین کے ساتھ موقع پر جاب انٹرویوز کیلئے ملاقات مختص کرانے کیلئے بھرتی مراکز کو کال کریں۔

ملازمت مراکز اور صنعت کی بنیاد پر بھرتی مراکز کے پتے اور ٹیلیفون نمبرز مندرجہ ذیل ہیں:

**جزیرہ ہانگ کانگ**

| | |
|---|---|
| Admiralty Job Centre<br>9/F, High Block, Queensway Government Offices<br>66 Queensway, Hong Kong | 2591-1318 |
| Hong Kong West Job Centre<br>4/F, Western Magistracy Building<br>2A Pokfulam Road, Hong Kong | 2552-0131 |
| North Point Job Centre<br>12/F, North Point Government Offices<br>333 Java Road, North Point, Hong Kong | 2114-6868 |
| Recruitment Centre for the Catering Industry<br>G/F, Revenue Tower, 5 Gloucester Road<br>Wan Chai, Hong Kong | 2594-7800 |
| Recruitment Centre for the Retail Industry<br>G/F, Revenue Tower, 5 Gloucester Road<br>Wan Chai, Hong Kong | 2594-7833 |

### کوولون

| | |
|---|---|
| 2338-9787 | Kowloon East Job Centre<br>1/F, Trade and Industry Tower<br>3 Concorde Road, Kowloon |
| 2150-6397 | Kowloon West Job Centre<br>9/F, Cheung Sha Wan Government Offices<br>303 Cheung Sha Wan Road, Sham Shui Po, Kowloon |
| 2342-0486 | Kwun Tong Job Centre<br>10/F, Kowloon East Government Offices<br>12 Lei Yue Mun Road, Kwun Tong, Kowloon |
| 3428-3303 | Construction Industry Recruitment Centre<br>6/F, Kowloon East Government Offices<br>12 Lei Yue Mun Road, Kwun Tong, Kowloon |

### نئے علاقے

| | |
|---|---|
| 2158-5553 | Shatin Job Centre<br>2/F, Shatin Government Offices<br>1 Sheung Wo Che Road, Shatin, New Territories |
| 3692-4532 | Sheung Shui Job Centre<br>Units 2001-2006, Level 20, Landmark North<br>39 Lung Sum Avenue, Sheung Shui, New Territories |
| 2654-1429 | Tai Po Job Centre<br>3/F, Tai Po Government Offices<br>1 Ting Kok Road, Tai Po, New Territories |
| 2417-6197 | Tsuen Wan Job Centre<br>2/F, Tsuen Wan Government Offices<br>38 Sai Lau Kok Road, Tsuen Wan, New Territories |
| 2463-9967 | Tuen Mun Job Centre<br>G/F, Victory Building<br>3 Tsing Min Path, Tuen Mun, New Territories |
| 3428-2943 | Tung Chung Job Centre<br>Unit 211A, 2/F, Yat Tung Shopping Centre<br>Yat Tung Estate<br>Tung Chung, Lantau Island, New Territories |

| | |
|---|---|
| Yuen Long Job Centre<br>Unit 401, 4/F,<br>Tin Ching Amenity and Community Building<br>Tin Ching Estate, Tin Shui Wai, New Territories | 3692-5750 |

ٹیلیفون ایمپلائمنٹ سروس ہاٹ لائن: **2969-0888**
انٹرایکٹو ایمپلائمنٹ سروس کی ویب سائٹ: https://www.jobs.gov.hk

## غیر ملکی گھریلو مددگاروں کے لئے

### *ملازمت کی شرائط*

قانون کے مطابق، آپ کو ملازمت کے معاہدے میں بیان کردہ کے طور پر ایک مخصوص آجر کے لیے اس کی رہائش گاہ میں کام کرنا چاہیے۔

*انتباہ:*

ہانگ کانگ میں کوئی درآمدی کارکن یا غیرملکی گھریلو مددگار غیر منظور شدہ کل وقتی یا جز وقتی کام قبول نہیں کر سکتے ہیں۔ مجرموں کو جرمانہ اور جیل میں بند کیا جا سکتا ہے۔ انہیں ہانگ کانگ سے ہٹایا بھی جا سکتا ہے۔

اگر آپ کا آجر آپ کو غیر گھریلو امور انجام دینے یا مخصوص پتہ کے علاوہ کہیں اور کام کرنے کا کہتا ہے، تو آپ کو اس گزارش سے انکار کر دینا چاہیے۔ یہ غیر قانونی ہے، اور آپ اور آپ کے آجر دونوں کو کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کو صرف اپنے کنٹریکٹ میں بیان کردہ کام کرنے کی اجازت ہے۔ اگر آپ کا آجر آپ پر کوئی دوسرا کام کرنے پر زور دیتا ہے، تو امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کے انفورسمنٹ ڈویژن کو مطلع کریں۔

### *ملازمت کیلئے ایجنسیاں*

اگر ایک ملازمت ایجنسی آپ کیلئے ایک ملازمت تلاش کرنے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو آپ ایک کمیشن ادا کر سکتے ہیں، لیکن وہ کمیشن آپ کو ملازمت پر کامیابی سے رکھے جانے کے بعد آپ کی پہلے ماہ کی تنخواہ کے 10 فیصد سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔ اس کے علاوہ، ملازمت ایجنسی کے متعلق یقین دہانی کر لیں کہ اس کے پاس کمشنر فار لیبر کی طرف سے ایک لائسنس یا "استثنٰی کا سرٹیفکیٹ" موجود ہے۔ آپ ایمپلائمنٹ ایجنسیوں کے پورٹل (www.eaa.labour.gov.hk) پر پڑتال کر سکتے ہیں کیا ملازمت کی ایجنسی کے پاس کوئی ایک درست لائسنس ہے

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی ملازمت ایجنسی لائسنس یافتہ نہیں ہے یا آپ سے زائد ادائیگی وصول کی ہے، تو **محکمہ لیبر کی ایمپلائمنٹ ایجنسیز انتظامیہ** کو **2115-3667** پر فون کریں۔ایمپلائمنٹ ایجنسیز انتظامیہ کو بذریعہ ڈاک بھی رپورٹیں کی جا سکتی ہیں(پتہ: Unit 906, 9/F, One Mong Kok Road Commercial Centre, 1 Mong Kok Road, Kowloon)؛

فیکس سے (نمبر: 2115-3756) بذریعہ ای میل (ea-ee@labour.gov.hk)؛ یا بذریعہ ایمپلائمنٹ ایجنسیز پورٹل ((www.eaa.labour.gov.hk-

***مشورہ:***

- اگر آپ کسی بھی شرائط سے متفق نہیں ہیں یا آپ کو یقین نہیں ہے کہ ان کا کیا مطلب ہے تو کسی بھی دستاویز، یا کنٹریکٹ پر دستخط نہ کریں۔
- جو اجرت آپ نے وصول نہیں کی اس کے لئے دستخط نہ کریں۔
- ایجنسی کے کمیشن کی ادائیگی کے بعد ایک رسید طلب کریں۔
- تیسرے فریق کے ذریعے ایجنسی کو ادائیگی نہ کریں۔
- حتّٰی کہ ایجنسی کی درخواست پر بھی کسی بھی قرض کمپنی سے پیسے ادھار لے کر ایجنسی کو ادائیگی نہ کریں۔
- ایجنسی کو اپنا پاسپورٹ یا دیگر ذاتی دستاویزات روک لینے کی اجازت نہ دیں۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ ایک ایجنسی یا ایک مڈل مین نے آپ کے ساتھ غلط کیا ہے، تو پولیس کے پاس جائیں اور واقعے کی رپورٹ درج کرائیں۔ متبادل طور پر، کال کریں:

**معلومات اور رابطہ سیکشن، امیگریشن ڈیپارٹمنٹ**
2/F, Immigration Tower, 7 Gloucester Road, Wan Chai, Hong Kong
ٹیلیفون: **2824-6111**

***انتباہ:***
***کسی کو بھی اپنا پاسپورٹ مت دیں جو آپ کو آپ کے قیام میں توسیع یا آجرین تبدیل کرنے کے لئے مدد پیش کرتا ہے، چاہے وہ آپ کا دوست ہی نہ ہو۔ ماضی میں، کچھ گھریلو مددگاروں کو "دوستوں" کی طرف سے دھوکہ دیا گیا ہے جو ہانگ کانگ میں غیر قانونی طور پر رہنا چاہتے تھے۔***

***غیرملکی گھریلو مددگاروں کے حقوق***

ایک غیرملکی گھریلو مددگار کے طور پر آپ کے بنیادی ملازمت کے فوائد اور حقوق آپ کی ملازمت کے کنٹریکٹ میں بیان کیے جاتے ہیں۔ ہانگ کانگ میں تمام غیرملکی گھریلو مددگاروں کیلئے (قومیت سے قطع نظر) صرف ایک باضابطہ معیاری ملازمت کنٹریکٹ ہے، جو امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کے غیرملکی گھریلو مددگار سیکشن میں دستیاب ہے۔ اس کا ایک نمونہ www.immd.gov.hk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

اپنی اجرت، قانونی ملازمت کے حقوق اور فوائد کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، "غیر ملکی گھریلو مددگار کے لئے کیا کریں اور کیا نہ کریں سے متعلق کتابچہ، آجروں اور ملازمتوں کے لئے ایجنسیاں"، "ملازمت آرڈیننس پر ایک جامع گائیڈ"، "غیر ملکی گھریلو مددگار کی ملازمت کے لئے عملی گائیڈ – غیر ملکی گھریلو مددگاروں اور ان کے آجروں کو کیا معلوم ہونا چاہئے"، اور محکمہ لیبر سے "ملازمین کے معاوضہ آرڈیننس پر ایک جامع گائیڈ" کی ایک نقل مفت حاصل کریں یا www.fdh.labour.gov.hk پر فارن ڈومیسٹک ہیلپرز پورٹل ملاحظہ کریں۔

**پاسپورٹ اور دیگر سفری دستاویزات کو محفوظ رکھنا**

اگر آپ کا آجر یا ایجنسی آپ کو اپنا پاسپورٹ یا دیگر ذاتی دستاویزات سپرد کرنے پر مجبور کرے تو یہ غیر قانونی ہے۔ آپ کو ان کی درخواست یا تجویز سے انکار کر دینا چاہئے۔ اگر آپ کو آپ کا آجر یا ایجنسی کی جانب سے اپنا پاسپورٹ سپرد کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے، تو مدد کے لئے پولیس یا اپنے قونصل خانے سے رابطہ کریں۔

**قانون اور ملازمت کے کنٹریکٹ کے تحت مجھے کونسے فوائد حاصل ہیں؟**

تمام غیرملکی گھریلو مددگار حقدار ہیں:

- ایک ماہانہ اجرت - رہائش پذیر گھریلو مددگاروں کو ماہانہ اجرت موصول ہونی چاہیے جو حکومت کی مقرر کردہ کم از کم قابل اجازت اجرت سے کم نہ ہو؛ غیرملکی گھریلو مددگار جن کے آجروں نے پہلے ڈائریکٹر آف امیگریشن سے اپنے مددگاروں کی رہائش سے باہر رہائش رکھنے کی منظوری حاصل کی ہوئی تھی وہ بھی 1 مئی 2011 کے بعد سے اس اجرت کے حقدار ہوں گے جو مروجہ SMW شرح سے کم شرح پر نہ ہوگی؛
- آرام کا دن - ہر سات دن کی مدت کے لئے ایک آرام کا دن سے کم نہ ہو؛ ایک آرام کا دن 24 گھنٹوں تک کی ایک مسلسل مدت ہے؛
- قانونی چھٹیاں - ہر سال 12 دن؛
- اداشدہ سالانہ چھٹی - اگر آپ نے کم از کم 12 ماہ تک ایک ہی آجر کے لئے کام کیا ہے تو سات دن کی اداشدہ چھٹی؛ یہ سروس کے دورانیہ کی وسعت کے مطابق، زیادہ سے زیادہ 14 دن تک بتدریج بڑھتی جاتی ہے؛
- گھر کیلئے چھٹی - آپ کو اسی آجر کے ساتھ نیا معاہدہ شروع کرنے سے پہلے کم از کم سات دن کی چھٹی کے لیے (اپنے آجر کے خرچ پر سفری اخراجات) پر اپنے ماخذ مقام پر واپس آ جانا چاہیے۔ معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے آپ کو اپنے آجر سے اس بات پر اتفاق کرنا چاہیے کہ آپ کو چھٹیوں کی مدت کے لئے ادائیگی کی جائے گی؛
- بیماری الاؤنس - روزانہ کی شرح مسلسل چار دن سے کم نہ ہونے کی بیماری کی چھٹی کے لئے اوسط یومیہ اجرت کی چار-پانچ کی ایک رقم کے برابر ہے، جو اس لئے فراہم کی جاتی ہے کہ آپ کی ادا شدہ بیماری کے دنوں کی کافی تعداد جمع ہے اور آپ کی بیماری کی چھٹی کی ایک مناسب طبی سرٹیفکیٹ کی طرف سے معاونت کی گئی ہے؛
- زچگی کی چھٹی - زچگی کی چھٹی کے[1] آغاز سے فوری پہلے کم از کم چار ہفتوں کے لئے ایک ملازم غیر ملکی گھریلو مددگار خاتون کے لئے 14 ہفتوں کی چھٹی۔ آپ کے آجر کو حمل کا نوٹس دینا لازمی ہے۔ اگر آپ مخصوص شرائط پر پورا اترتی ہیں تو آپ زچگی کی چھٹی کی تنخواہ، اوسط روزانہ اجرتوں کے چار-پانچ کے مساوی ایک روزانہ شرح کی بھی اہل ہوں گی؛
- والد بننے کی چھٹی –والد بننے کی چھٹی کے آغاز سے پہلے فوری طور پر کم از کم چار ہفتے کے لئے ملازم ایک مرد غیر ملکی گھریلو مددگار کے لئے پانچ دن کی چھٹی۔ آپ کو ایک نئے پیدا ہوئے بچے یا ایک پیدا ہونے بچے کا والد ہونا لازمی ہیں اور آجر کو مطلوبہ

---

[1] اہل ملازمین جن کی زچگی 11 دسمبر 2020 سے پہلے ہوتی ہے وہ مسلسل 10 ہفتوں کی زچگی کی چھٹی کی مستحق ہیں۔

اعلامیہ فراہم کریں۔ اگر آپ مخصوص شرائط پر پورا اترتے ہیں تو آپ والدیت کی چھٹی کی ادائیگی، اوسط روزانہ اجرتوں کے چار-پانچ کے مساوی ایک روزانہ شرح کے بھی اہل ہوں گے؛

- علیحدگی کی ادائیگی - اگر آپ مخصوص شرائط پر پورا اترتے ہیں سروس کے ہر سال کے لئے آپ کی آخری ماہ کی تنخواہ میں سے دو تہائی کے برابر؛
- طویل سروس کی ادائیگی - اگر آپ بعض شرائط پر پورا اترتے ہیں سروس کے ہر سال کے لئے آپ کی آخری ماہ کی پوری تنخواہ میں سے دو تہائی کے برابر؛
- حادثہ / چوٹ کا معاوضہ - اگر آپ کو اپنی ملازمت میں یا اس کے باہر کوئی چوٹ لگتی ہے یا کسی حادثے کے نتیجے میں موت واقع جاتی ہے (یا ایک تجویز کردہ پیشہ ورانہ مرض)، تو آپ کا آجر ملازمین معاوضہ آرڈیننس (باب 282) کے تحت عام طور پر معاوضہ ادا کرنے کا ذمہ دار ہے ؛
- طبی فائدہ - معاہدے کی مدت کے دوران آپ کا آجر آپ کے طبی اخراجات کا ذمہ دار ہے، اس بات سے قطع نظر آپ کو پہنچنے والی چوٹ یا بیماری آپ کی ملازمت سے پیدا ہوئی ہے یا نہیں۔ تاہم، لیکن اگر آپ کنٹریکٹ کی مدت کے دوران اپنی مرضی سے اور اپنے ذاتی مقاصد کے لئے ہانگ کانگ چھوڑتے ہیں، تو ہانگ کانگ سے دور ہونے کے دوران آپ کو اپنے طبی اخراجات خود برداشت کرنے ہوں گے؛
- مفت سفر - آپ کے آجر کو آپ کے آبائی ملک سے ہانگ کانگ کا مفت سفر، کنٹریکٹ کے خاتمے یا معیاد ختم ہونے پر، آپ کے آبائی ملک واپسی کا مفت سفر، اس کے ساتھ ساتھ دونوں حالات میں روزانہ کا کھانا پینا اور سفری الاؤنس فراہم کرنا چاہئے؛ اور
- کھانا - آپ کو ملازمت کی مدت کے دوران مفت کھانا یا آپ کے آجر کے انتخاب پر، بدلے میں فوڈ الاؤنس فراہم کیا جائے گا۔

اپنے قانونی ملازمت کے فوائد کے بارے میں تفصیلات کے لئے برائے مہربانی ملازمت آرڈیننس اور ملازمین کا معاوضہ آرڈیننس سے رجوع کریں۔

## ***ملازمت کے کنٹریکٹ کی تکمیل***

### 1. ***کیا میں دوسری قسم کی ملازمت تبدیل کر سکتا ہوں؟***

ملازمت کی تبدیلی کے لئے امیگریشن کے ڈائریکٹر کی منظوری کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر آپ ایک غیر ملکی گھریلو مددگار ہیں، تو قانون آپ کو دوسری (غیر ملکی گھریلو مددگار) قسم کی ملازمت تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ اگر آپ اسے تبدیل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو اپنے آبائی ملک میں واپس جانا ہوگا اور ایک نئے (غیر ملکی گھریلو مددگار) ملازمت ویزا کے لئے ایک نئی درخواست دائر کرنی ہوگی۔

### 2. ***کیا میں آجرین تبدیل کر سکتا ہوں؟***

ہانگ کانگ میں دو سال کا کنٹریکٹ میں آجرین کو تبدیل کرنے کی درخواست ایک قانون کے طور پر منظور نہیں کی جائے گی۔ اگر ایک غیرملکی گھریلو مددگار ہانگ کانگ میں ایک نئے آجر کے ساتھ ملازمت شروع کرنا چاہتا/چاہتی ہے، تو اسے لازمی طور پر اپنی آبائی جگہ واپس لوٹنا ہوگا اور براہ راست امیگریشن کے ڈائریکٹر کو مناسب ویزا کے لئے درخواست دینی ہوگی۔

اگر آپ نے کنٹریکٹ مکمل ہونے سے پہلے اپنی ملازمت کھو دی ہے ( "قبل از وقت ختم کر دینا")، تو امیگریشن ڈیپارٹمنٹ آپ کو مخصوص غیر معمولی حالات جیسے نقل مکانی، بیرونی منتقلی، آپ کے آجرین کی موت یا مالی مشکلات یا جہاں ثبوت ہو کہ آپ کے ساتھ آپ کے آجر نے زیادتی کی ہے، کے تحت ہانگ کانگ میں آجر تبدیل کرنے کی اجازت دینے پر غور کر سکتا ہے۔

## *ملازمت کے کنٹریکٹ کی منسوخی*

### 1. *کون کنٹریکٹ کو ختم کر سکتا ہے؟*

اگر آپ اپنے ملازمت کے کنٹریکٹ کو اس کے ختم ہونے سے پہلے ختم کرنا چاہتے ہیں، تو عام حالات کے تحت آپ کو ملازمت کے کنٹریکٹ میں وضاحت کردہ کے مطابق اپنے آجر کو تحریری طور پر ایک ماہ کا نوٹس دینا ہو گا، یا نوٹس کے بدلے میں ایک ماہ کی اجرت دینی ہو گی۔

اگر آپ کا آجر ملازمت کے کنٹریکٹ کو اس کے ختم ہونے سے پہلے ختم کرنا چاہتا ہے، تو اسے بھی آپ کو ایک ماہ کا تحریری نوٹس دینا ہو گا یا نوٹس کے بدلے میں ایک ماہ کی اجرت ادا کرے گا/گی۔

آپ کا آجر، تاہم، نوٹس یا نوٹس کے بدلے میں ادائیگی کے بغیر کسی بھی وقت آپ کو برطرف کر سکتا ہے، اگر آپ:

- ایک قانونی اور مناسب حکم کی خود سری سے حکم عدولی کرتے ہیں؛
- خود سے برا فعل کرنا؛
- دھوکہ دہی یا بے ایمانی کے مرتکب ہیں؛ یا
- اپنے فرائض میں عادتًا غافل ہیں۔

دوسری طرف، آپ نوٹس کے بدلے نوٹس یا ادائیگی کے بغیر اپنا ملازمت کا معاہدہ بھی ختم کر سکتے ہیں اگر آپ کو:

- تشدد یا بیماری کی وجہ سے معقول حد تک جسمانی خطرہ کا خوف ہے؛
- آجر کی جانب سے بدسلوکی کا نشانہ بنایا جاتا ہے؛ یا
- پانچ سال سے کم عرصے کے لئے ملازمت کر رہے ہیں اور کسی رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر یا ایک رجسٹرڈ چینی میڈیکل پریکٹشنر کے ذریعہ اس کی تصدیق کی جاتی ہے کہ آپ جس قسم کے کام میں مشغول ہو رہے ہیں اس کے مستقل طور پر نااہل ہیں۔

## *آجر کی جانب سے ختم کیے جانے کا تصور کیا جائے*

اگر اجرتیں واجب الادا ہونے کے بعد ایک ماہ کے اندر اندر ادا نہیں کی جاتی ہیں، تو آپ اپنے ملازمت کے معاہدے کو بغیر نوٹس کے اپنے آجر کے ذریعہ ختم کرنے پر غور کر سکتے ہیں اور دیگر قانونی اور معاہدہ ختم ہونے والی ادائیگی کے علاوہ نوٹس کے بدلے ادائیگی کے بھی حقدار ہوں گے۔ تنازعات سے بچنے کے لئے، جب آپ ایسے حقوق استعمال کرتے ہیں تو آپ اپنے آجر کو مطلع کرنا چاہئیے۔

2. **اگر میرا ملازمت کا کنٹریکٹ ختم ہو جاتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہئے؟**

اگر آپ کے کنٹریکٹ کو وقت سے پہلے ختم کیا جاتا ہے، تو آپ کو معاہدہ ختم ہونے کی تاریخ سے دو ہفتوں کے لئے یا آپ کے قیام کی حد تک (لینڈنگ سلپ پر بتان کردہ تاریخ)، جو بھی پہلے ہو، تک ہانگ کانگ میں رہنے کی اجازت ہے۔ اسے عام طور پر "دو ہفتے کا قانون" کے طور پر جانا جاتا ہے۔ یاد رکھیں کہ آپ کو اس مدت کے اختتام سے پہلے ہانگ کانگ سے جانا ہو گا یا امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کو رپورٹ کرنا ہو گی؛ بصورت دیگر، آپ کو بیجا قیام کرنے والے کے طور پر شمار کیا جائے گا۔ آجر اور غیرملکی گھریلو مددگار دونوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ روزگار کا معاہدہ قبل از وقت ختم کرنے کی تاریخ سے سات دن کے اندر اندر امیگریشن کے ڈائریکٹر کو تحریری طور پر مطلع کریں۔

آپ کنٹریکٹ کے خاتمے پر واپس اپنے گھر کے سفر کے لئے اپنے آجر کی جانب سے مفت سفر اور روزانہ کا کھانا پینا سفری الاؤنس کے حق دار ہیں۔

اگر آپ کسی بھی ادائیگیوں کے حقدار ہیں جنہیں آپ کا آجر آپ کو ادائیگی کرنے سے انکار کرتا ہے، تو آپ کو محکمہ لیبر میں اپنے دعوے دائر کرنا چاہئیں۔ جب آپ امیگریشن ڈیپارٹمنٹ سے ہانگ کانگ میں اپنے قیام سے متعلق رجوع کرتے ہیں، تو آپ محکمہ لیبر کی طرف سے دیے گئے دستاویزات تخلیق کر سکتے ہیں یہ دکھانے کے لئے آپ کے دعوٰی کو ایک محکمہ لیبر کی طرف نمٹا جا رہا ہے۔

برائے مہربانی نوٹ کریں کہ امیگریشن ڈیپارٹمنٹ ایک ایسے غیر ملکی گھریلو مددگار جس کا کنٹریکٹ ختم کر دیا گیا ہے کو ملازمت شروع کرنے کی اجازت نہیں دیتا جب تک دوسری صورت میں امیگریشن کے ڈائریکٹر کی طرف سے منظوری نہ دی گئی ہو جس دوران وہ ایک لیبر دعوٰی پر عمل پیرا ہو۔

**غیر ملکی گھریلو مددگاروں کے لئے وقف شدہ ہاٹ لائن، ای میل اکاؤنٹ اور آن لائن فارم**

محکمہ لیبر نے غیرملکی گھریلو مددگاروں کو تمام جامع معاونت فراہم کرنے کے لئے ایک وقف شدہ ہاٹ لائن (**2157-9537**) قائم کی ہے، بشمول روزگار کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں مشورے فراہم کرنا؛ لیبر سے متعلق معاملات پر استفسارات، درخواستوں یا شکایات کو فالو اپ اور/یا تحقیقات کیلئے محکمہ لیبر کے متعلقہ ڈویژنوں میں بھیجنا؛ اور غیرملکی گھریلو مددگاروں کی مشتبہ استحصال یا جسمانی بدسلوکی سے متعلق پوچھ گچھ، درخواستیں یا شکایات دائر کرنے کے لئے مناسب قانون نافذ کرنے والے اداروں سے رابطہ کرنے کے لئے مشورہ دینا یا ان کی مدد کرنا۔ ہاٹ لائن کو 1823 کے ذریعہ نمٹایا جاتا ہے اور دن میں 24 گھنٹے کام کرتی ہے۔ سات زبانوں (یعنی ٹیگالوگ، بہاسہ انڈونیشیا، تھائی، نیپالی، ہندی، پنجابی اور اردو) میں ترجمانی کی خدمت 8 بجے صبح سے 10 بجے رات تک، پیر تا اتوار (عام تعطیلات کو چھوڑ کر) دستیاب ہیں۔

ہاٹ لائن پر کال کرنے کے علاوہ، غیر ملکی گھریلو مددگار ہانگ کانگ میں اپنی ملازمت سے متعلق معاملات کے بارے میں بھی پوچھ گچھ کر سکتے ہیں اور اگر ان کے ملازمت کے حقوق کو پامال کیا جاتا ہے تو ای میل (fdh-enquiry@labour.gov.hk) اور فارن ڈومیسٹک ہیلپرز پورٹل (www.fdh.labour.gov.hk) کے ذریعہ شکایات درج کرا سکتے ہیں۔

### برا سلوک، جسمانی یا جنسی زیادتی

ہانگ کانگ میں، کارکنان کے ساتھ، گھریلو یا دوسری صورت میں زیادتی، برداشت نہیں کی جاتی ہے۔ اگر آپ کے ساتھ برا سلوک، یا جسمانی یا جنسی زیادتی کی گئی ہے تو آپ نوٹس یا بدلے میں ادائیگی کے بغیر فوری طور پر کنٹریکٹ کو ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ کسی ایمرجنسی کی صورت میں آپ کو پولیس کو **999** پر کال کر کے، **2525-7177** پر پولیس ہاٹ لائن کو معاملے کی اطلاع دینی چاہیے یا کسی بھی پولیس اسٹیشن کے نمبر پر جو باب 10 میں بیان کیے گئے ہیں۔

## دیگر تنظیموں سے مدد

### لازمی پراویڈنٹ/کفایت فنڈ (MPF)

اگر آپ کو ایک ملازم یا ایک خود ملازم شخص ہیں، MPF سسٹم آپ کو ریٹائرمنٹ کے لئے محفوظ کرنے کے قابل بناتا ہے۔ مستثنٰی افراد کو چھوڑ کر، ملازم اورخود ملازم 18 سے 64 سال عمر کے افراد سے ایک MPF اسکیم میں شامل ہونے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل مستثنٰی افراد ہیں جن سے ایک MPF اسکیم میں شامل ہونے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے -

- گھریلو ملازمین؛
- خود ملازم پھیری والے؛
- قانونی پنشن اور پراویڈنٹ فنڈ اسکیموں سے احاطہ کردہ لوگ؛
- پیشہ جاتی ریٹائرمنٹ اسکیموں کے اراکین جنہیں MPF تقاضوں سے چھوٹ دی جاتی ہے؛
- بیرون ممالک سے ہانگ کانگ میں ملازمت کے لئے داخل ہونے والے لوگ یا خود ملازم جو 13 ماہ سے زیادہ کے لئے نہیں ہیں، یا جو بیرون ملک ریٹائرمنٹ اسکیموں کے اراکین ہیں؛ اور
- ہانگ کانگ میں یورپی کمیشن کے یورپی یونین کے دفتر کے ملازمین۔

اگر آپ ایک ملازم ہیں، تو آپ کا آجر کو آپ کی ملازمت کے 60 دنوں کے اندر اندر اپنی پسند کی کسی MPF اسکیم میں آپ کا اندراج لازمی کرانا ہوگا۔ آپ منتخب کردہ اسکیم کے تحت پیش کردہ دستور ساز فنڈز کے درمیان انتخاب کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کوئی بھی انتخاب نہیں کرتے ہیں، تو آپ اور آپ کے آجر کے ذریعہ دی گئی MPF شراکتیں پہلے سے طے شدہ سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے مطابق خود بخود انویسٹ کر دی جائیں گی۔

آپ اور آپ آجر سے آپ کی متعلقہ آمدنی کا 5% کی بنیاد پر لازمی حصہ جمع کرانے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ ایک ملازم کی لازمی شراکت داری قانونی کم از کم اور زیادہ سے زیادہ متعلقہ آمدنی کے درجے سے مشروط ہوتی ہے، جبکہ آجر کی لازمی شراکت داریاں قانونی زیادہ سے زیادہ متعلقہ آمدنی کے درجے سے مشروط ہوتی ہے۔

جب آپ کا آجر آپ کی شراکت داریوں اور اپنی شراکت داریوں کو آپ کے لئے متعلقہ MPF اسکیم پر بھیجتا ہے، تو شراکت داریاں کا لازمی حصہ اور اس سے حاصل کسی بھی سرمایہ کاری منافع کو مکمل طور پر اور فوری طور پر آپ کے حوالہ کر دیا جائے گا۔ جب آپ 65 کی

ریٹائرمنٹ کی عمر تک پہنچتے ہیں تو یک مشت میں یا قسطوں میں اپنے MPF اسکیم میں جمع ہوئے بینیفٹس واپس نکلوا سکتے ہیں یا قانون میں بیان کردہ دیگر حالات کو پورا کرتے ہیں، یعنی 60 سال کی عمر میں جلد ریٹائرمنٹ، ہانگ کانگ سے مستقل روانگی، موت، ٹرمینل بیماری، مکمل نااہلیت اور کم اکاؤنٹ بیلنس۔

ملازم کے اختیار انتظام کے تحت، آپ اپنی موجودہ ملازمت کے شراکتی اکاؤنٹ میں ملازم کی لازمی شراکت داریوں اور سرمایہ کاری منافع کے حصے کو ہر تقویمی سال یک مشت بنیاد پر اپنی پسند کی MPF اسکیم کو منتقل کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ایک خود ملازم شخص ہیں، تو آپ کو بھی ایک MPF اسکیم میں اندراج کروانے کی ضرورت ہے اور قانونی کم از کم اور زیادہ سے زیادہ متعلقہ آمدنی کے درجہ پر منحصر اپنی متعلقہ آمدنی کا 5% حصہ ڈالیں۔ آپ منتخب شدہ اسکیم کے تحت دستور ساز فنڈز کے درمیان منتخب کر سکتے ہیں اور کسی بھی وقت کسی دوسری اسکیم میں واپس کی گئی شراکت داریوں اور سرمایہ کاری کو منتقل کر سکتے ہیں۔

MPF کی تفصیلات کے لئے، آپ لازمی پراویڈنٹ فنڈ اسکیمز اتھارٹی کی ویب سائٹ www.mpfa.org.hk ملاحظہ کر سکتے ہیں یا اس کے دفاتر سے رابطہ کریں:

| | |
|---|---|
| Level 8, Tower 1,<br>Kowloon Commerce Centre,<br>51 Kwai Cheong Road,<br>Kwai Chung | Level 25, Tower 1<br>Millennium City 1<br>388 Kwun Tong Road<br>Kwun Tong, Kowloon |
| Room 1201-1207,<br>Nan Fung Tower,<br>88 Connaught Road Central,<br>Sheung Wan | |

ہاٹ لائن: **2918-0102**
فیکس: 2259-8806
ای-میل: mpfa@mpfa.org.hk

***پیشہ ورانہ اور جاری تعلیم***

1. ***ووکیشنل اور پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت***

ووکیشنل ٹریننگ کونسل (VTC) ایک قانونی ادارہ ہے جسے 1982 میں VTC آرڈیننس (باب 1130) کے تحت قائم کیا گیا تھا اس کا مشن ہانگ کانگ کی ضروریات کے مطابق جامع پیشہ جاتی اور پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کا نظام فراہم کرنا ہے۔

VTC اپنے درج ذیل رکن اداروں کے ذریعے ووکیشنل اور پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت فراہم کرتا

ہے، ہانگ کانگ کے تکنیکی اور ہائر ایجوکیشن انسٹی ٹیوٹ ((THEi)، پیشہ ورانہ تعلیم اور علم کا انسٹی ٹیوٹ ((PEAK)، اعلی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے لئے اسکول ((SHAPE)، ووکیشنل تعلیم کا ہانگ کانگ انسٹی ٹیوٹ ((IVE)، ہانگ کانگ ڈیزائن انسٹی ٹیوٹ VTC ،(HKDI) کی طرف سے پرو ایکٹ، بین الاقوامی باورچی انسٹی ٹیوٹ ((ICI)، ہوٹل اور سیاحت انسٹی ٹیوٹ ((HTI)، چینی باورچی انسٹی ٹیوٹ ((CCI)، سمندری خدمات تربیت انسٹی ٹیوٹ ((MSTI)، یوتھ کالج ((YC)، انٹیگریٹڈ ووکیشنل ڈویلپمنٹ سینٹر (IVDC) اور شائن مہارتیں سینٹر۔ یہ ہر سال تقریباً 200,000 تربیتی مقامات پیش کرتا ہے، جو مختلف تعلیمی درجوں کے حامل لوگوں کو قبل از ملازمت اور دوران پیشہ جاتی اور پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیتی پروگرام فراہم کرتے ہیں، جن میں ڈگری، ہائیر ڈپلوما، سینئر سیکنڈری اسکول چھوڑنے والوں کے لیے ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ پروگرام، دوران سروس ٹریننگ پروگرام، غیر مشغول نوجوانوں کے لیے تربیتی پروگرام اور اپرنٹس ٹریننگ شامل ہے۔

استفسارات: **2836-1000**؛ ویب سائٹ: www.vtc.edu.hk

### 2. ***تکنیکی تربیت***

تعمیراتی صنعت کونسل (کونسل) ایک قانونی ادارہ ہے جو تعمیراتی صنعت کونسل آرڈیننس (باب 587) کے تحت قائم کیا گیا ہے۔

کونسل اپنی رکن تنظیم ہانگ کانگ انسٹی ٹیوٹ آف کنسٹرکشن (HKIC) کے ذریعہ تربیت فراہم کرتی ہے۔ یہ نوجوانوں اور بڑوں کو ہنرمند کاریگروں، تعمیر پلانٹ آپریٹرز اور سپروائزر / تکنیکی ماہرین بننے کے لئے تربیت فراہم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ، HKIC دوران سروس تعمیراتی عملے کو مہارت بڑھانے کے کورسز، تحفظ، ٹیکنالوجی اور انتظامیہ سے متعلق کورس بھی پیش کرتا ہے۔ HKIC تین کیمپس اور دس کے قریب تربیتی میدان چلاتا ہے۔

تربیتی کورس فراہم کرنے کے علاوہ، کونسل تعمیراتی کارکنان کی مہارت کے درجے کا جائزہ لینے کے لئے تجارت ٹیسٹ اور تعمیری پلانٹ آپریٹرز کے لئے سرٹیفیکیشن ٹیسٹ کا بھی انعقاد کرتی ہے۔ کونسل "پہلے-اجرت پر لیں-پھر-تربیت دیں" اسکیم کی بنیاد پر مختلف اشتراکی تربیتی اسکیموں کے ذریعے نئی صفات کے ساتھ صنعت کے ساتھ تعاون بھی کرتی ہے۔

استفسارات: **2100-9000**؛ ویب سائٹ: www.cic.hk اور www.hkic.edu.hk

کپڑے کی صنعت تربیت اتھارٹی (CITA) ڈپلومہ درجہ یا اس سے اعلٰی پر، کل وقتی اور جز وقتی کورسز فراہم کرنے کے لئے اور پیشہ ورانہ مشاورت اور تکنیکی مدد کی خدمات فراہم کرنے کے لئے دو تربیتی مراکز چلاتی ہے۔ اس کا ہدف صنعت کے قیادتی نقطہ نظر اپنانے کے ذریعے کپڑے کی صنعت کی عالمی مسابقت کو بڑھانے میں مدد کرنا ہے تاکہ یہ اپنی خدمات کو درج ذیل میں مؤثر طریقے سے تقویت دے سکے:

- انتظامیہ اور تکنیکی پیشہ ورانہ افراد کو تربیت اور ترقی دینے میں؛
- مستحکم تجارتی طرزعمل فروغ دینے، اس کے ساتھ پیداوری اور معیار میں بہتری کے

پروگراموں میں؛ اور

- انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ایپلیکیشن کو سہولت بہم پہنچانے میں۔

استفسارات: **2263-6300**؛ ویب سائٹ: www.cita.org.hk

### *3. ملازمین کی تربیت نو*

ملازمین کی دوبارہ تربیت کا بورڈ (ERB) ملازمین کی دوبارہ تربیت آرڈیننس کے تحت 1992 میں قائم ہونے والا ایک آئینی ادارہ ہے۔ ERB کے بنیادی امور تربیتی کورس اور خدمات کا رابطہ کار، فنڈ کرنا، اور نگرانی کرنا ہے۔ اس سروس کے اہداف ذیلی ڈگری لیول یا اس سے نیچے ایک تعلیمی حصول کے حامل 15 سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگ ہیں۔

تربیت اور ملازمت کی خدمات کی فراہمی کے ذریعے، اپنی افرادی قوت کے ملازمت کے مواقع میں اضافہ کرنے کے ایک نقطہ نظر کے ساتھ، ERB تقریباً 80 تربیتی ادارے جو تقریباً 400 تربیتی مراکز چلا رہے ہیں کو تعینات کرتا ہے تاکہ وہ مختلف سروس اہداف، بشمول ہانگ کانگ میں غیر-چینی-اصلیت کے حامل ملازمین، کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے مارکیٹ پر مبنی اور ملازمت پر مرکوز تربیتی کورسز پیش کر سکیں۔

ERB اہل درخواست دہندگان کے لئے کل وقتی اور جز وقتی دونوں تربیتی کورس فراہم کرتا ہے۔ کامیابی کے ساتھ پلیسمنٹ سے منسلک کورسز مکمل کرنے والے بے روزگار تربیت حاصل کنندگان، ری ٹریننگ الاؤنس کے اہل ہیں، تعیناتی فالو اپ سروسز بھی ان فارغ التحصیل لوگوں کو ملازمت حاصل کر سکنے اور ملازمت کو برقرار رکھنے میں مدد کے لئے فراہم کی جاتی ہیں۔

برائے مہربانی www.erb.org ملاحظہ کریں یا مزید تفصیلات کیلئے ERB ہاٹ لائن کو **182-182** پر کال کریں۔